سوال

(965) کتنی مسافت اور کتنے دن نماز قصر ہو سکتی ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک صاحب جو کہ فیکٹری سے ۱۱۴ کلومیٹر کے فاصلہ پر رہتا ہے اور وہ ہر ہفتہ کے بعد اپنے گاؤں جاتا ہے ۔ یعنی کبھی بھی پندرہ دن کے قیام کے ارادہ فیکٹری میں نہیں رہا۔ کیا یہ صاحب فیکٹری میں امامت کرا سکتا ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

فیکٹری میں یہ صاحب بھی امامت کرا سکتا ہے ۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ دورانِ سفر یہ لوگ مسافر ہیں، اس لیے قصر کریں گے اور فیکٹری میںقیام اقامت کے حکم میں ہے ۔ لہٰذا یہاں پوری نماز پڑھی جائے گی اور اسی طرح سے واپس اپنے گھر پہنچنے پر بھی نماز پوری پڑھنی ہوگی ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :789

محدث فتویٰ